UNIVERSAL
LIBRARY
OU_224985
UNIVERSAL
LIBRARY

OSMANIA UNIVERSITY LIBRARY

Call No. Accession No.

Author

Title

This book should be returned on or before the date last marked below.

مرصاد المشتاقين

۱۷۳۸۴

بسم اللہ الرحمن الرحیم

نحمدہ ونصلی علی رسولہ محمد شفیع الامم وعلی آلہ واصحابہ الذین بدہ الحکم

اما بعد جب یہہ عاصی پر معاصی شفاعت خواہ شفیع المذنبین محمد تاج الدین نے ایک
فارسی رسالہ تنبیہ الضالین کے رد مین تصنیف کیا گیا سالک مسالک حق ویقین ناسک مناسک
شرع متین مولوی حافظ حاجی سید عبد القادر بادشاہ قادری الحسینی کا دیکھا تو فائدہ
عام اور تفہیم عوام کے لئے اسکو ہندی زبان مین تہوڑی کم وزیادتی سے ترجمہ کرکے مرصاد
المشتاقین نام دیا عجب نہین جو اسکو تنبیہ الضالین کہین کہ امید ہی خدا توفیق دے تو
اس ذریعہ سے یہہ گروہ گمراہ اپنے عقیدہ باطلہ سے منہہ پہرائین راہ حق پر آئین انہ قریب
مجیب طالبان حق ویقین جاننا چاہئے کہ اس گروہ کی شاہراہ ہدایت کی دلیل مولوی
اسمعیل دہلوی نے ایک رسالہ ہندی تقویۃ الایمان نام لکہا ہی اسمین بحث شفاعت

کی تقریر یون کی ہی یہہ عبارت بعینہ اسیکی ہی اج جگہہ ایک بات بڑے کام کی ہی اسکو
کان رکھہ کر سن لینا نہایت ضرور ہی اکثر لوگ انبیا اولیا کی شفاعت پر بہت بہول
رہے ہین اور اسکی معنی غلط سمجہکر اللہ کو بہول گئے ہین سو شفاعت کی حقیقت اب
یون سمجہ لیا چاہیے یعنے شفاعت کہتے ہین سفارش کو اور دنیا مین سفارش کئے طرح کی
ہوتی ہی جیسے ظاہر کے بادشاہ کے یہان کسی پر چوری ثابت ہوجاو اور کوئی امیر وزیر
اسکو اپنے سفارش سے بچالیوے اسمین ایک تو یہہ صورت ہی کہ بادشاہ کا جی تو اس چور
کے پکڑنے ہی کو چاہتا ہی اور اسکے آئین کی موافق اسکو سزا ہی پہنچتی ہے مگر اس امیر سے دیکر
اسکی سفارش مان لیتا ہی اور اس چور کی تقصیر معاف کر دیتا ہی کیونکہ وہ امیر اسکی سلطنت
کا بڑا رکن ہی اور اسکی بادشاہت کو بڑی رونق دے رہا ہی سو بادشاہ یہہ سمجہتا ہے
کہ ایک جگہہ اپنے غصے کو تہام لینا اور ایک چور سے درگذر کر جانا بہتر ہی اس سے کہ اتنے
بڑے امیر کو ناخوش کر دیجیے کہ بڑے بڑے کام خراب ہوجاوین اور سلطنت کی
رونق گہٹ جاوے اسکو شفاعت وجاہت کہتے ہین یعنے اس امیر کے وجاہت کے سبب سے اسکی
سفارش چلی سو اس قسم کی شفاعت اللہ ہی کے جناب مین ہرگز نہین ہوسکتی اور جو کوئی
کسی نبی ولی یا امام شہید کو یا کسی فرشتے کو یا کسی پیر کو اللہ کی جناب مین اس قسم کا شفیع
سمجہے سو وہ اصل مشرک ہی اور بڑا جاہل کہ اپنے خدائی کے معنے کچہہ بہی نہ سمجہے اور اس

مالک الملک کی قدر کچھہ بہی نہ پہچانے اس شہنشاہ عالیجاہ کی تو یہہ شان ہی کہ ایک
آنمین ایک حکم کن سے چاہے تو کروڑون نبی ولی اور جن اور فرشتے جبرئیل اور محمد کے
برابر پیدا کر ڈالے اور ایک دم مین سارا عالم عرش سے فرش تک الٹ پلٹ کر دے
اور ایک اور ہی عالم اسکے جگہہ قایم کرے کہ اسکے تو محض ارادے ہی سے ہر چیز ہو جاتی
ہی کسی کام کے واسطے کچھہ اسباب و سامان جمع کرنیکی حاجت نہین اور جو سب لوگ
پہلے اور پچھلے آدمی اور جن جبرئیل اور پیغمبر ہی سے ہو جاوین تو اس مالک الملک کے
سلطنت مین اونکے سبب کچھہ رونق بڑھہ نجاویگی اور جو سب لوگ ملک شیطان اور
دجال ہی سے ہو جاوین تو اسکی کچھہ رونق گھٹ نجاویگی وہ ہر صورت سے بڑونکا بڑا
اور بادشاہونکا بادشاہ ہی اسکا کوئی کچھہ بگاڑ سکے اور نہ کچھہ سنوار سکے دوسری صورت یہہ ہی کہ
کوئی بادشاہزادونمین سے یا بیگماتونمین سے یا کوئی بادشاہ کا معشوق اس چور کا سفارشی بنکر کھڑا
ہو جاوے اور چور کی سزا نہ دینے دیوے اور بادشاہ اسکی محبت سے لاچار ہو کر اس چور
کی تقصیر معاف کر دے اسکو شفاعت محبت کہتے ہین یعنی بادشاہ نے محبت کے سبب
سفارش قبول کر لی اور یہہ بات سمجھے کہ ایکبار غصہ پیجانا اور ایک چور کو معاف کر دینا
بہتر ہی اس رنج سے جو اس محبوب کے روٹھہ جانیسے مجکو ہوگا اس قسم کی شفاعت بہی
اس دربار مین کسیطرح ممکن نہین اور جو کوئی کسیکو اس جناب اقدس مین اس

قسم کا شفیع سمجھے وہ بہی ویسا ہی مشرک ہی اور جاہل جیسا اول مذکور ہوچکا وہ مالک
الملک اپنے بندونکو بہتیرا ہی نوازے اور کسیکو خلیل کا کسیکو کلیم کا کسیکو روح اللہ
وجیہ کا خطاب بخشے کسیکو رسول کریم و مکین روح القدس روح الامین فرماوے
مگر پہر مالک مالک ہی ہی اور غلام غلام کوئی بندگی کے رتبے سے قدم باہر نہین رکہہ سکتا
اور غلامی کے حد سے زیادہ نہین بڑھہ سکتا جیسا اسکے رحمت کے سبب ہر دم خوشی سے
چہکتا ہی ویسا ہی اسکے ہیبت سے رات دن تہرا رہتا ہی تیسری صورت یہہ ہی کہ چور پر چوری
تو ثابت ہوگئی مگر وہ ہمیشہ کا چور نہین چوری کو اسنے کچہہ اپنا پیشہ نہین ٹہرایا مگر نفس
کی شامت سے قصور ہو گیا سو اسپر شرمندہ ہی اور رات دن ڈرتا ہی اور بادشاہ کی آئین کو
سر اور انکہون پر رکہکر اپنے تئین تقصیر وار سمجہتا ہی اور لائق سزا کا جانتا اور بادشاہ سے بہاگ کر
کسی امیر وزیر کی پناہ نہین ڈہونڈہتا اور اسکے مقابلے مین کسی کی حمایت نہین جتلاتا اور
دمبدم اسکا موہنہ دیکہہ رہا ہی کہ دیکہیئے میرے حق مین کیا حکم فرماوے سو اسکا یہہ حال
دیکہکر بادشاہ کے دلمین اسپر ترس آتا ہی مگر آئین بادشاہت کا خیال کرکے بے سبب
درگذر نہین کرتا کہ کہین لوگونکی دلونمین اس آئین کی قدر گہٹ نجاوے اسمین کوئی امیر وزیر
اسکی مرضی پاکر اس تقصیر وار کی سفارش کرتا ہی اور وہ بادشاہ اس امیر کی عزت
بڑہانیکو ظاہر مین اسکی سفارش کا نام کرکے اس چور کی تقصیر معاف کردیتا ہی سو اس

ہے نے اس چور کی سفارش اس لیے نہین کی کہ اسکا قرابتی ہے یا آشنا اسکی حمایت
اس نے اٹھائی ہے بلکہ محض بادشاہ کی مرضی سمجھکر اوسنے یہہ بات کی ہے کیونکہ وہ تو بادشاہ
کا امیر ہے نہ چورونکا تہانگی جو چور کا حمایتی بنکر اسکی سفارش کرتا تو آپ ہی چور ہو جاتا
اسکو شفاعت بالاذن کہتے ہین یعنے سفارش خود مالک کے پروانگی سے ہوتی ہے سو اللہ
کی جناب پاک مین اسیطرح کی سفارش ہو سکتی ہے اور جس نبی ولی کی شفاعت کا قرآن
حدیث مین مذکور ہے سو اسکی یہی معنے ہین پس ہر بندیکو چاہئیے کہ ہردم اللہ ہی کو پکارے
اور اسی سے ڈرتا رہے اور ہمیشہ اسکی التجا کرتا رہے اور اسکو اپنا مالک اور حمایتی بہی سمجہے اور
جہان تک خیال دوڑادے اللہ کے سواے اپنا کہین بچاو نجانے اور کسیکے حمایت پر
بھروسا نکرے کیونکہ وہ خود بڑا غفور رحیم ہے سب مشکلین اپنے ہی فضل سے کہولدیگا اور
سب گناہ اپنے ہی رحمت سے بخشیگا اور جسکو چاہیگا وہ اپنے حکم سے اسکا شفیع بنادیگا
غرض کہ جسطرح ہر حاجت اپنی اسکو سونپنا چاہئیے اسیطرح یہہ حاجت بھی اسکی
اختیار پر چھوڑ دیجئیے جسکو وہ چاہے ہمارا شفیع کردے انتہی اسیکے رد مین ایک رسالہ
جناب مولوی خیر الدینخان گوپاموی فارسی لکھے ہین نام اسکا خیر الزاد عبارت رد بعینہ
یہہ ہے بدانکہ معنی وجاہت وشفاعت محبت نزد جمہور اہل سنت اینست کہ کسی
برای اظہار عظمت وعلو رتبت احدی از مقربین خود در عموم خلایق وابراز کمال

محبت خود بوی بہ نسبت دیگر محبوبین او را برگزیند و با فزایش جاہ و منزلت بر دیگران

ترجیح دہد و با قبال سعی و سفارش او علی العموم بمحض رحمت عام وی را شرف اختصاص

بخشد و ظاہر ست کہ اینمعنی شرعا و عرفا محمود ست نہ اینکہ بترس خرابی و تزلزل در کارخانجات

خویش یا بخوف ناخوشی محبوب چنانکہ مزعوم قائل ست سعی و سفارش وی جبرا و کرہا بدرجہ

اجابت رساند تا قبیح لازم آید و لائق شان ربوبیت نبود انتہے تنبیہ الضالین کے مصنف

نے اپنی کتاب کے چالیس پر ساتوین صفحے مین یہی معنے مذکور شفاعت وجاہت اور شفاعت

محبت کے بین کرکے قبول کیا ہی اور کہا ہی کہ اگر یہہ تعریف و توصیف سید المرسلین صلے

اللہ علیہ وسلم کے طرف نسبت کرتے ہو تو بیشک صحیح ہی کوئی مومن اسکا انکار نکریگا بعد

پھر لکھا ہی کہ شفاعت محبت کی تعریف تو اہل سنت سے کہین دیکھنے مین نہ آئی پس تقویۃ

الایمان کا مصنف جو دنیوی سفارشونکی تمثیل عوام کے تفہیم کے لئے بیان کیا سو اسکو

قیامت کی سفارش پر حمل کرنا بڑی حماقت و جہالت ہی انتہے واہ یہہ طرفہ حماقت ہی

کیونکہ تعریف دنیوی مین اگر کچھہ قباحت رہی تو البتہ حمل اسکا سفارش اخروی پر

منع ہوگا جب کچھہ قباحت نہو تب کیا منع ہی اتنا جانکر پہلے آپ قائل ہوا اس معنے کا اور

صحت نسبت کا پیچھے سے آپہی انکار کر رہا ہی کہو تو بھلا آگے یہہ عقل کدہر کھو بیٹھا تھا

ع برین عقل و دانش بباید گریست ؛ معاذ اللہ یہہ کیسا اندھا پنا ہی کہ تقویۃ الایمان والے

نے دوسری صورت جو لکھی اسمین موجود ہی کہ بادشاہ اسکی محبت سے لاچار ہوکر
اس چور کی تقصیر معاف کردے اسکو شفاعت محبت کہتے ہین انتہے پہر یہہ مرید بااخلاص
کس منہہ سے کہتا ہی کہ شفاعت محبت کی تعریف تو اہل سنت سے کہین دیکھنے مین نہین
ائی شاید اپنے مرشد کے لکھے کو لایق اعتبار نہین سمجھا یا اس غریب محقق نے کتاب تکمیل
الایمان بہی نہ پڑہی وگرنہ دیکھہ پایا ہوتا جو مولانا شاہ عبد الحق دہلوی نے قدس سرہ
اسمین شفاعت محبت کے معنے یون تصریح کئے ہین یعنی ای محب من وای محبوب من وای
بندۂ خاص من چندان نعمت دہم ورحمت کنم کہ راضی شوی ازمن تا ہیچ آرزو در دل
تو نہ نشیند ای محمد ہمہ کس رضای من می طلبند ومن رضای تو میخواہم کلہم
یطلبون رضائی وانا اطلب رضاك یا محمد وی صلی اللہ علیہ وسلم
گوید کہ من ہرگز راضی نشوم تا یک یک را از امت من نیامرزی وبخشی انتہے علاوہ
یہہ کہ شفاعت وجاہت کی معنی تقویۃ الایمان کی عبارت سے آپ نکالا چاہتا ہی
اور لکھا ہی کہ تقویۃ الایمان مین بہی وجاہت کا بیان صاف مذکور ہی یہہ کہ اور وہ بادشاہ
اس امیر کی عزت بڑہانیکو ظاہر مین اسکی سفارش کا نام کرکے اس چور کی تقصیر معاف
کردیتا ہی انتہے حالانکہ عبارت تقویۃ الایمان کی جو شروع مین مذکور ہو چکی اس سے تو صاف
ظاہر ہی کہ اسکے مصنف نے شفاعت کو تین قسم کرکے پہی مفہوم شفاعت بالاذن کا

مانا ہی امداد سے ممکن الوقوع جانا ہی شفاعت وجاہت و محبت کو مطلقا شرک و محال سمجھتا ہی
یہہ مصنف کیون تکلف بیجا مین مر رہا ہی اور اس قایل کے خلاف عقیدہ توجیہ کر رہا ہی و نیز اسکے
غور کرنیکی جا ہی کہ تقویۃ الایمان والے نے شفاعت بالاذن کے ضمن مین لکھا ہی کہ جسکو چاہیگا
وہ اپنے حکم سے اسکا شفیع بناویگا جسکو وہ چاہے ہمارا شفیع کر دے انتہی گویا یہی اذن
محتمل اور امر ظنی اس شفیع یقینی علیہ الصلوۃ والسلام کے حق مین ثابت کر دیا ہی بڑا غضب ہی
کہ مصرح آیات اور اصح احادیث سرور کائنات سے ظاہر و باہر ہے کہ حقتعالے قیامت مین
یقینا اس جناب کو اذن شفاعت کا دیگا اپنی امت کے تمام عاصیانکی آپ شفاعت فرماوینگے
ازانجملہ دو آیت یہہ ہی عسی ان یبعثک ربک مقاما محمودا ترجمہ قریب ہی کہ رب
تمھارا ای محمد تمھین کھڑا کریگا مقام محمود پر مواہب لدنیہ مین مذکور ہی کہ تمامی مفسرین
اتفاق اس بات پر رکھتے ہین کہ کلمہ عسی کا یہان مفید وجوب کو ہی کیونکہ علماے معانی لکھے
ہین کہ یہہ کلمہ طمع تبلانے اور آس دکھلانیکے لئے موضوع ہی کسی شخص کو کوئی چیز دینے پر طمع
اور آس تبلانا پھر اس شخص کو ناامید و محروم کر دینا سخت معیوب ہی ایسے عیب سے اللہ تعالے
بری ہی انتہی تفسیر مدارک مین لکھا ہی کہ مقام محمود وہی مقام شفاعت کا ہی بقول جمہور مفسرین
کے دوسری یہہ آیت وَلَسَوْفَ یُعْطِیْکَ رَبُّکَ فَتَرْضٰی ترجمہ شاہ عبد العزیز قدس
سرہ نے اس آیت کی تفسیر یون لکھی ہی کہ البتہ پروردگار تمھارا تمھین اسقدر دیگا کہ جانو تم

برزیہ ہو جاویگا یہہ محمدیہ طلب باقی رہیگی اس وعدیسے کمال وسعت استعداد مخاطب کی سمجھنا ہی
کہ وہ جناب ایسے عالی قدر ہین کہ عطاے الہی اینیرا بسیری ہی اور یہہ بہی جاننا ہی کہ حدیث شریف
مین آیا ہی جب یہہ آیت نازل ہوئی تب وہ جناب مخاطب بولنے فرماے کہ میری امت کے
ہر ہر فرد کو جب تک داخل بہشت نکرونگا تب تک مین ہرگز راضی نہونگا انتہی حاصلہ بیضاوی
والے نے لکھا ہی کہ اس آیت مین لام ابتدا کا ہی مبتدا محذوف ہونے سے خبر پر داخل ہوا ہی
تقدیر کلام کی یون ہوگی ولانت سوف یعطیک لام کو سوف کے ساتھہ جمع کرنیسے یہہ مقصود
حاصل ہوا کہ وہ عطاے بےشبہہ ضرور بالضرور واقع ہوگی اگرچہ بالفعل تاخیر اسکی بسبب
حکمت الہی کے ہی انتہی حاصلہ تفسیر مدارک مین لکھا ہی کہ آخرت مین ثواب و شفاعت وغیرہ
بتحقیق البتہ تمہارا پروردگار تمہین دیگا کہ تم خوشنود ہو جاؤ کے بعد یہہ آیہ نازل ہونیکے
رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میری امت سے ایک شخص بہی دوزخ مین رہیگا تو
مین ہرگز راضی نہونگا انتہی حاصلہ تیسری یہہ آیت وَبَشِّرِ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا اَنَّ لَهُمْ قَدَمَ صِدْقٍ
عِنْدَ رَبِّهِمْ ترجمہ ای محمد خبر دو مسلمانونکو کہ انکے لئے ایک پایہ معتبر ہے انکے پروردگار
پاس تفسیر ثعلبی و قاضی عیاض مین لکھے ہین کہ قتادہ اور حسن اور زید بن اسلم فرماتے ہین مراد قدم صدق
سے محمد ہین صلی اللہ علیہ وسلم جو شفاعت خواہ مومنین کے ہونگے اور ابی سعید خدری سے مروی
ہی کہ مراد اس سے شفاعت نبی صلی اللہ علیہ آلہ وسلم کی ہی اور محمد بن علی ترمذی نے کہا ہی کہ وہ

امام ہین صادقین و صدیقین کے شفیع ہین مطاع ہین سائل ہین ایسے کہ مقبول الشفاعت
حاصل اور جملہ احادیث سے یہہ ایک حدیث ہی جو شفا مین مذکور ہی کہ ام حبیبہ رضی
عنہا سے روایت ہی فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے اریت ما تلقی امتی من
بعدی و سفک بعضہم دماء بعض و سبق لہم من اللہ ما سبق
للامم قبلہم فسالت اللہ ان یولینی شفاعۃ یوم القیمۃ فیہم ففعل ترجمہ
دکھلائی گئین مجھے حالات میری امت کی جو بعد میرے انہین لاحق ہونگی اور بعضے بعضونکی
خونریزیان کرینگے اور اسی جہت سے مقدر ہوا ہی اللہ کی جانب سے انکے لئے عذاب جیساکہ
امم سابقہ کے لئے مقرر ہوا ہی تب مین اللہ سے چاہا کہ روز قیامت مین انکی شفاعت کا
مرتبہ مجھے ملے تو اللہ نے ویسا ہی کیا یعنے سوال آپکا مقبول رکھا اور مشکات شریف کے
باب شفاعت مین صحیح مسلم سے یہہ دوسری حدیث عبد اللہ بن عمرو بن العاص سے
مروی ہی ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم تلی قول اللہ تعالی فی ابراہیم رب انہن
اضللن کثیرا من الناس فمن تبعنی فانہ منی وقال عیسی ان تعذبہم فانہم
عبادک فرفع یدیہ اللہم امتی امتی وبکی فقال اللہ تعالی یا جبریل اذہب
الی محمد وربک اعلم فاسئلہ ما یبکیہ فاتاہ جبریل فسالہ فاخبرہ
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بما قال فقال اللہ تعالی یا جبریل اذہب الی

مُحَمَّدُ نقل اِنَّا لَنُرْضِیکَ فِی اُمَّتِکَ وَلَا نَسُوئُکَ خلاصہ اسکا یہہ ہی کہ اللہ تعالے
جبرئیل کو حکم دیا کہ کہو ای محمد عنقریب مین تمہین خوشنود کرونگا تمہاری امت کے باب
مین یہہ تیسری حدیث بہی مشکاۃ مین وارد ہی فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے اَتَانِی
اٰتٍ مِنْ عِنْدِ رَبِّی فَخَیَّرَنِی بَیْنَ اَنْ یَدْخُلَ نِصْفُ اُمَّتِی الْجَنَّۃَ وَبَیْنَ الشَّفَاعَۃِ
فَاخْتَرْتُ الشَّفَاعَۃَ وَھِیَ لِمَنْ مَاتَ وَلَمْ یُشْرِکْ بِاللّٰہِ ترجمہ اللہ کی جانب سے
آنے والے نے میرے پاس آیا اور مجھسے خیار چاہا کہ آدھی امت داخل بہشت ہونا مانگتے ہو
یا شفاعت کل کا رتبہ چاہتے ہو تب مین نے شفاعت کل کی اختیار کی اور اس شفاعت
کے لائق وہی شخص ہی جو مشرک نہوا ہو اور شیخ عبدالحق دہلوی شرح عربی مین فرماتے ہین
کہ شفاعت سے سید المرسلین صلی اللہ علیہ وسلم کے مغفرت کل مومنین کی حق ہی خواہ
قبل عذاب کے ہو یا بعد عذاب کے اور حدیث صحیح مین وارد ہی کہ وہ جناب زانیان اور سارقان
اور شاربان کی شفاعت فرماوینگے چنانچہ حاکم نے نوادر الاصول مین ترمذی سے لایا ہی کہ
ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہی جو فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ شفاعت میری
روز قیامت مین برحق ہی میری امت کے اہل کبایر کے لئے جو تا زندگی مرتکب کبایر رہے ہونگے
اور وہی لوگ جہنم کے طبقہ اولی مین رہینگے درکات جہنم مین ڈالے نجاینگے انکے چہرے سیاہ
ہونگے نہ انکہین کبود طوق وزنجیر انپر رہیگی گردنکی مار انپر نپڑیگی بعضے انہین سے جہنم مین

ایک ساعت رہینگے بعضے ایکروز بعضے ایک مہینا بعضے ایکسال اتنہاے مدت دراز بعضونکو
اسیقدر ہی جسقدر انکی مدت حیات ہو عالم دنیا مین اور تنبیہ الضالین والے نے تیس پر نویر
صفحے مین خود حدیث نقل کی ہی فَیُؤذَنُ لِی فِی الشَّفَاعَۃِ وَالاِذنُ لَہٗ فِی الشَّفَاعَۃِ بِقَولِہٖ
صَلَّی اللّٰہُ عَلَیہِ وَسَلَّمَ اُمَّتِی اُمَّتِی غرض آیات بینات مذکورہ اور یہہ سب احادیث
صریح دلالت کرتی ہین کہ قیامت مین اذن شفاعت یقینا اس جناب کے لئے ثابت ہی
یا این تقویۃ الایمان والا تعئین شفیع سے غافل ہی جو قائل ہی جسکو چاہی ہمارا شفیع کردے
حق تو یہہ ہی کہ اذن محتمل و مشکوک کا احتمال جناب شفیع المذنبین بالحق والیقین کے حقمین
سمجھنا عقل و نقل سے بعید ہی اگرچہ اسے اپنے پیشوا کی عبارت پر تائید کرنیکے لئے اور اذن
محتمل ثابت کرنیکے واسطے مصنف نے تیس پر نون اور پچاس پر تیسرے صفحے مین شرح عقاید
ملا جلال کی اتنی عبارت نقل کی ہی اَلشَّفَاعَۃُ لِدَفعِ العَذَابِ وَرَفعِ الدَّرَجَاتِ
حَقٌّ لِمَن اَذِنَ لَہُ الرَّحمٰنُ مِنَ الاَنبِیَاءِ وَالمُؤمِنِینَ بَعضُہُم لِبَعضٍ حاصل اسکا یہی کہ
اخرت مین کسیکے دفع عذاب یا ترقی درجات کے لئے شفاعت کرنا حق ہی جسکو کہ اللہ تعالے اذن
دیوے خواہ وہ ماذون بعض انبیا سے ہو یا مومنین سے جو بعض بعضکا شفاعت خواہ
ہوگا دیکھا چاہئے کہ یہہ مصنف ناقل کیا پکا چور ہی جو اپنے کام کی بابت جتنی تھی اسیقدر نقل کردی
تتمہ عبارت جو مقصود حق یعنے شفاعت رسول رب مطلق پر دال تھی اس سے قلم انداز کر گیا

یعنی یہ وہ تتمہ عبارت ملا جلال کی بعینہ ذکر کی ہے تا منصفین بعد ملاحظے کے اسکی چوری پر
اطلاع پاویں اور اسکی چوریاتوں پر دل لگاویں سو یہی وشفاعة رسول الله صلی
الله علیه وسلم لاهل الکبایر حق لامته لقوله علیه السلام شفاعتی لاهل
الکبایر من امتی وهو حدیث صحیح وبذلک یبطل مذهب المعتزلة
فی انکارهم الشفاعة لاهل الکبایر مستدلین بقوله تعالی واتقوا یوما
لا تجزی نفس عن نفس شیئا ولا یقبل منها شفاعة واجیب عنه بمنع
دلالته علی العموم فی الاشخاص والاحوال ولئن سلم یجب تخصیصها
بالکفار جمعا بین الادلة وهو مشفع فیهم ای مقبول الشفاعة وقیل هو
صلی الله علیه وسلم شفیع فی جمیع الانس والجن الا ان الشفاعة فی الکفار
لتعجیل فصل القضاء فیخفف عنهم اهوال یوم القیمة وبالمومنین بالعفو
ورفع الدرجات فشفاعته عامة کما قال الله تعالی وما ارسلناک الا رحمة
للعالمین ولا یرد مطلوبه لقوله تعالی ولسوف یعطیک ربک فترضی ولما ورد
فی الحدیث ان الله یقول اشفع تشفع وسل تعطه وهو صلی الله علیه وسلم
لا یرضی الا باخراج من کان فی قلبه مثقال ذرة من الایمان من النار هذا هو الشفاعة
الکبری التی خص بعض العلماء بالمقام المحمود انتہی خلاصہ یہی کہ نبی صلی الله

علیہ وسلم کی شفاعت امت مرحومہ کے جمیع اہل کبایر کے لئے حق ہی بدلیل حدیث صحیح کے جو بیچ
فرمایا شفاعتی لاہل الکبایر من امتی اسی دلیل سے باطل ہوگیا مذہب معتزلہ کا جو منکرین ہین
شفاعت اہل کبایر کے اور دلیل لاتے ہین قول الہی کو جو یہہ اسکا ترجمہ ہی اندیشناک رہو
اس روز سے جس روز مین ایک کی جزا ایک کو نہ دی جائیگی اور مقبول نہوگی کسی کی شفاعت
مگر جواب انکی دلیل کا یہہ ہی کہ یہہ آیت جو عدم وقوع شفاعت پر دال ہی سو مختص کفار
کے لئے ہی کیونکہ مومنین کے حقمین وقوع شفاعت پر کئی آیات و احادیث ناطق ہین
بیشک وہ جناب شفیع برحق مقبول الشفاعت ہین بلکہ بعض علما قائل ہین کہ شفاعت
اس جناب کی عام ہی تمام انس و جن کے بابمین مگر کافرونکے حقمین تخفیف ہول قیامت کی تو
ہوگی اور مومنونکے حقمین سبب پر تکی عفو قصور و رفع درجات کی مولانا یوسف کوسج
رحمہ اللہ حاشیہ شرح عقاید جلالیہ مین لکھا سو عبارت بعینہ یہہ ہی کہ آیہ وَاتَّقُوا يَوْمًا
لَا تَجْزِي نَفْسٌ عَنْ نَفْسٍ شَيْئًا وَلَا يُقْبَلُ مِنْهَا شَفَاعَةٌ در رد قوم یہود نازل شدہ است
چہ زعم بیہودہ یہود بود کہ آبا و اجداد شفیع خواہند شد پس مراد از نفس نفس آبا و اجداد
ایشان است نہ مطلق نبی و ولی و غیر ہم مورد خاص را در تعمیم مقدمات بر مورد عام
حمل کردن خالی از سوء عقیدہ نخواہد شد بر تقدیر تسلیم عموم خطاب آیت دلالت بر نفی
دفع عذاب کسے از کسے من کل وجوہ قہرا باشد یا نصرۃ و بر نفی ادای حقوق کسی از شفاعت

کسے بقرینہ ذکر نفی شفاعت بعد نفی خزاد در آیت مذکورہ نہ بر نفی مطلق شفاعت کہ معتمد قوم
معتزلہ است و ابطال این مذہب در کتب اہل سنت بوجوہ وجیہ مذکور ست بہر صورت شفاعت
اس جناب کی تمام ہی کلام الٰہی اسکا گواہ ہی جو معنے اسکے یہی ہین مین نے تمہین رسول بنایا ہی
عالم پر رحمت پہنچانیکے لئے اور سوال کو آپکے ہرگز رد نہو گا الیٰ تو وعدۂ الٰہی اس بات پر دال
ہی معنے اسکے اوپر معلوم ہو چکے دوسری وہ حدیث جو معنے اسکے یہی ہی کہ اللہ تعالے کہیگا یا محمد
تم شفاعت چاہو قبول ہوگی اور جو سوال کرو سو دیا جائیگا تب جناب راضی نہو نگے
جبتک کہ جمیع عاصیان امت دوزخ سے خارج ہون حتّٰی کہ ذرہ بھر ایمان جسکے
دلمین رہے وہ بھی جہنم سے نکل آئیگا یہی ہی شفاعت کبریٰ جو مختص بمقام محمود ہی
قول سے بعض علما کے انتہے یقین ہی کہ باوجود ایسے دلائل قطعیہ کے احتمال اذن مختص کا
اس جناب کے حقمین جو ناقص عقیدہ رکھتا ہو وہی محروم الشفاعت ہی ذلک تمام تحقیقہ
اور صاحب خیر الزاد کا مقصود یہی تھا کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم مقبول الشفاعت
ہین مغفرت امت کے باب مین اسی مدعا پر دلیل عباس بن مرداس سے جو حدیث
مروی ہی اسکا ترجمہ لفظی عوام کے قریب الفہم لکھدیا دوسرے راویون نے اس حدیث
سے کیا کیا مراد لی ہی سو بیان کرنا اس زید کو منظور نہ تھا وہ ترجمہ یہی مرویست
از عباس بن مرداس مدرستیکہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم دعا کرد برای امت خود

شبانگاه روز عرفه بمغفرت گناهان پس مستجاب شد دعای آنسرور باین طریق که آمرزیدم
همه گناهان ایشان با جز مظالم که آن حقوق العباد است و من تحقیق گیرنده ام حق مظلوم را
از ظالم و این قسم گناهان نمی بخشم گفت رسول خدا ای پروردگار من اگر خواهی تو بدهی مظلوم
را از نعیم بهشت در حق بدل وی که ظالم گرفته است و آمرزی ظالم را پس پذیرا نشد دعای
وی صلی الله علیه وسلم در شبانگاه عرفه پس هنگامیکه صبح کرد آنسرور در مزدلفه باز دعا نمود
در بارگاه عزت پس مستجاب شد و مقبول گردید در آمرزیده شدن تمام گناهان امت اگرچه
مظالم باشند پس خندید رسول خدا صلی الله علیه وسلم پس عرض کردند ابوبکر و عمر پدر و مادر
فدای تو باد کاهی درین ساعت خنده نمیکردی چه چیز ترا خنده آمد تا درینوقت همیشه خندان دارد
حقتعالی دندان ترا و این کنایه است از خوشنودی و خوشحالی فرمود که تحقیق دشمن خدا
ابلیس است چون دانست که حق عز مجده دعای من قبول فرمود و بیامرزید امت مرا پس
گرفت خاک را و می انداز آنرا بهر دو دست بر سر خود و دعا میکند بویل و هلاک و میگوید
یا ویلاه و یا ثبوراه پس در خنده آورد مرا از بی صبری و ناله و فریاد او انتہی اس پر مصنف
نے لکھا ہے کہ یار و اس حدیث کے معنے پر بے تردد لکھا ہے سو دیکھ چکے لیکن شیخ عبدالحق
دہلوی محدث قدس سرہ اس حدیث کے شرح سفر السعادۃ کے باب الحج مین لکھے ہین ہم اسکو
بھی دیکھ بوجھ لیجیے کہ ابو داود و ابن ماجہ از عباس بن مرداس آوردہ اند کہ آنحضرت

صلی اللہ علیہ وسلم دعا کرد مر امت خود را در عشیہ عرفہ بمغفرت جواب آمد کہ مغفرت کردم
مگر مظالم را البتہ اورا از جہت مظلوم بگیرم پس گفت آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم ای پروردگار
من تو قادری اگر خواہی مظلوم را بہشت دہی وظالم را بہ بخشی در انوقت جواب این دعا
نیامد چون در مزدلفہ صبح کرد اعادہ کرد این دعا را جواب آمد اجابت کردم آنچہ تو
خواستی پس بخندید آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم و ابوبکر و عمر رضی اللہ عنہما گفتند یا رسول اللہ
مادر و پدر ما فدای تو باد ساعتی نبود کہ تو در انجا بخندی ہمیشہ خندان دارد ترا خدا تعالے
فرمود عدو اللہ ابلیس چون دانست کہ اجابت کرد حقتعالی دعای مرا و بخشید امت مرا خاک
بر سر ریخت و بواے ویلا فریاد کرد پس در خندہ آورد مرا آنچہ دیدم از جزع و فزع وی و گفتہ اند
کہ مراد بامت درینجا واقفان عرفہ اند و ازینجا گفتہ اند بعضی کہ حج مکفر حقوق العباد نیز میشود
و طبرانی گفتہ این محمول است بر ظالمی کہ توبہ کرد و عاجز آمد از وفای حق و بیہقی مانند روایت
ابوداؤد و ابن ماجہ آوردہ و گفتہ این را شواہد بسیار است اگر صحیح است حجت است و گرنہ
قولہ سبحانہ و یغفر ما دون ذلک بس است و ظلم نیز ما دون شرک است و بالجملہ حقوق اللہ
مغفور است از حجاج و در حقوق عباد خلاف است و فضل اللہ واسع و ظاہر احادیث
عام است واللہ اعلم انتہی پس مجتہد وقت کے کلام مین اور پورب نژاد کے معنے مین
کسقدر تفاوت عظیم ہے سو ظاہر ہے ع ببین تفاوت رہ از کجاست تا بکجا اسیطرح

اور مقام مومنین کیا کیا لکھا ہی سو خدا جانے انکے راست بازو پر ظاہر ہی کہ ترجمۂ اول
مطابق الفاظ عربی کے ہی جو حدیث مین واقع ہین بخلاف ترجمۂ ثانیکے جو بیان مطلب
اختلاف کے ساتھہ دونومین چند الفاظ کا تفاوت ہی اس تفاوت لفظی سے حدیث
کے معنے مقصود مین کچھہ خلل نہین آیا مستدل کی دلیل سست نہین ہوگئی بلکہ اجابت کرد
حقتعالی دعای مرا و بخشید امت مرا ہی تو عین مقصود مستدل کا ہی اور مصنف کی آئین
بیانسے بھی یہی مراد نکلی پھر تفاوت الفاظ سے کیا نقصان مگر اختلاف توجیہ روات
کا شیخ بیان فرماتے ہین سو مقصود اس سے سند لانا ہی اتنی بات پر کہ حج سے حقوق
العباد ساقط ہوتے ہین یا نہین اس مقصود سے صاحب خیر الزاد کو کب سروکار ہی
چند الفاظ کا تفاوت ترجمے مین ہاتھہ آنیسے مصنف نے آنکھین موندلین اور بیہودہ
منہہ کھولدیا مین نہین سمجھتا ہون کہ کیا خاک بھس سمجھا ہی مگر وجہ وجیہ یہی نظر
آتی ہی کہ اس دلائل قویہ سے اسنے ثبوت مغفرت کل امت کا دیکھہ پایا ہی تو ابلیس کی
سنت پر بڑے داویلا مچایا ہے اور مولانا شاہ عبد العزیز لکھے ہین کہ غیر ازکافر در حق ہمہ
اہل معاصی حکم شفاعت خواہد شد یہہ قول دال ہی تعمیم شفاعت پر اسیکو مدلل کرنیکے
لئے صاحب خیر الزاد نے حاشیہ لکھدیا کہ حکم شفاعت در حق ہمہ اہل معاصی شدن
و ملزم در حق بعضے قبول کردن و در حق بعضے قبول نکردن نہایت معیوب ست و اللہ تعالی

عن ذلک فندراہ اسیکے ردمین مصنف نے اتنی عبارت چالیس پر اٹھوین صفحے مین لکھی ہی کہ عبدالحق محدث کی شرح مشکات مین متفق علیہ دوسری حدیث انس مین مرقوم ہی فیقال یا محمد ارفع راسک وقل تسمع وسل تعطه واشفع تشفع فاقول یارب ایذن لی فیمن قال لا الہ الا اللہ قال لیس ذلک لک وعزتی وجلالی وعظمتی وکبریائی لاخرجن منہا من قال لا الہ الا اللہ انتہی غرض اس مصنف کی یہی کہ لیس ذلک لک یہہ قول سند ہی رد شفاعت پر تو محشی نے جو کہا ہی کہ بعضونکے حقمین قبول شفاعت نکرنا معیوب ہی سو بات رد ہوگئی واہ رے مرید متدین اتنا نہین سوچا کہ یہہ طعن اپنے پیران پر پر ہوجاتی ہی جو وہ بہی قائل ہین کہ سوا کافرون کے تمام اہل معاصی کے حقمین حکم شفاعت کا ہوگا سوا ے اسکے تمہارے کہنے مین یہہ قباحت ہی کہ اول حقتعالے اپنے حبیب کو کہا شفاعت کرو تمہاری شفاعت قبول کیا جاویگی جب حضرت شفاعت کرینگے تو بجز انکے کہیں سرکا کہا نہین ہی یہہ واسطے تمہارے علیدہی اللہ تعالی ایسے بات سے ارتب سنیے عقل کے دشمن اتنا تو سمجھا چاہیے کہ فقط لا الہ الا اللہ جو لوگ کہے ہین انکی مغفرت مین ہرگز نکرونگا کرکے اگر اللہ تعالی کہا ہوتا تو البتہ شفاعت رد ہوگئی کہنے کی گنجائش تھی یہان تو اللہ نے ان لوگونکی مغفرت قبولی ہی بدولت شفاعت اس شفیع المذنبین کے صلی اللہ علیہ وسلم

کیونکہ مفہوم اس کلام کا یہی نکلتا ہی کہ اللہ تعالے اپنے حبیب کے کمال تسلی و دلدہی کے خاطر
اور اپنے اسما جو رحیم وغفور ہی اسکا ظہور تبلانیکے لئے قسمیہ فرماتا ہی کہ ان لوگون کو محروم
مغفرت جانکر طلب اذن کیے لئے اور انکی شفاعت کے واسطے تم فکر و تردد نکرو خاطر جمع رکھو
مین انہین خواہ نخواہ بخشونگا اس سے ظاہر ہوا کہ سائل کیا عالی رتبہ ہی کہ اللہ جسکی تسلی کے
خاطر کے لئے موکد بحلف وعدہ مغفرت کرتا ہی اب عقل سلیم حاکم ہی کہ طلب اذن اس
جناب کا موجب ترحم اللہ کا ہوا ان لوگون پر و گرنہ انکی مغفرت کا سبب ظاہر مین کچھہ
نہین ہی کہ سوائے لا الہ الا اللہ کہنے کے دوسری کوئی نیکی انکی ذات مین نہینگی غرض آخر
حدیث کو مصنف اپنے غرضکے موافق جانکر نقل کردیا ہی وہ حدیث مسلمانونکے سننے کے لائق
ابتدا سے یہہ ہی قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اذا کان یوم القیمة
ماج بعضہم فی بعض فیاتون آدم فیقولون اشفع لنا الی ربك فیقول لست
لها ولکن علیکم بابراهیم فانه خلیل الرحمن فیاتون ابراهیم فیقول
لست لها ولکن علیکم بموسی فانه کلیم الله فیاتون موسی فیقول
لست لها ولکن علیکم بعیسی فانه روح الله وکلمته فیاتون عیسی
فیقول لست لها ولکن بمحمد فیاتونی فاقول انا لها فاستاذن علی
ربی فیوذن لی ویلهمنی محامد احمده بها لاتحضرہ الان فاحمده

تلك المحامد واخر له ساجدا فيقال يا محمد ارفع راسك وقل تسمع
وسل تعطه واشفع تشفع فاقول يا رب امتي امتي فيقال انطلق فاخرج منها من كان
في قلبه مثقال شعيرة من ايمان فانطلق فافعل ثم اعوده فاحمده بتلك المحامد
ثم اخر له ساجدا فيقال يا محمد ارفع راسك وقل تسمع وسل تعطه واشفع
تشفع فاقول يا رب امتي امتي فيقال انطلق فاخرج من كان في قلبه مثقال
ذرة او خردلة من ايمان فانطلق فافعل ثم اعوده بتلك المحامد ثم اخر له
ساجدا فيقال يا محمد ارفع راسك وقل تسمع وسل تعطه واشفع تشفع
فاقول يا رب امتي امتي فيقال انطلق فاخرج من كان في قلبه ادنى ادنى
ادنى مثقال حبة من خردل من ايمان فاخرجه من النار فانطلق فافعل
ثم اعود الرابعة فاحمده بتلك المحامد ثم اخر له ساجدا فيقال
يا محمد ارفع راسك وقل تسمع وسل تعطه واشفع تشفع فيقول يا رب
ائذن لي فيمن قال لا اله الا الله قال ليس ذلك لك ولكن وعزتي وجلالي
وعظمتي وكبريائي لاخرجن منها من قال لا اله الا الله متفق عليه
انتہی حاصل یہی کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ قیامت کے دن سب
لوگ آدم علیہ السلام پاس جاوینگے اور کہینگے اللہ پاس ہماری شفاعت چاہو وی

جواب دینگے کہ مین اسکام کے لئے نہین ہون ابراہیم پاس جاؤ وہ خلیل الرحمن ہین
پہر انکی پاس جائین تو وی بہی ایسا ہی عذر کرینگے اور کہینگے موسیٰ پاس جاؤ کہ وہ کلیم اللہ
ہین انکے پاس جائینگے تو وی بہی وہی عذر بتلاوینگے اور کہینگے عیسیٰ پاس جاؤ وہ روح اللہ
ہیں انکے پاس جائین تو وی بہی ایسا ہی کہہ سناینگے اور محمد پاس جاؤ کہینگے تب سبکے
سب جناب مین آکر التجا کرینگے اسوقت جناب فرماوینگے ہان اس کام کے لئے مین ہی
مقرر ہون یہہ فرماکر جناب باری مین طلب اذن کرینگے تب اذن ہوگا اور الہام
غیبی سے ایسی تعریفین جناب کی زبان پر آئینگے جو کبہی یاد نتہین پہر ان تعریفون سے
حمد الہی کرینگے سجدہ مین سر رکہینگے تو حکم الہی ہوگا ای محمد سر اوٹہاؤ جو کہنا ہو کہو سنا
جائیگا اور جو مانگو سو دیا جائیگا اور شفاعت چاہو تو مقبول ہوگی تب آپ فرماوینگے
یا پروردگار امتی امتی تب حکم الہی ہوگا کہ جاؤ جسکے دلمین جو کے دانے برابر ایمان ہو
ان سبھون کو بہی دوزخ سے نکالو آپنے فرمایا ہی کہ مین ویسا ہی عمل کرونگا پہر دوبارہ حمد الہی
کرکے سجدہ مین جاونگا بار ثانی بہی اول کی تقریر درمیان آئیگی اور حکم ہوگا جاؤ جنکے
دلونمین رائی کے دانے اور ذرہ کے مقدار ایمان رہے ویسونکو اخراج کرو آپ فرماتے
ہین ویسا ہی عمل پیرا ہوکر تیسرے بار حمد الہی کرونگا سجدہ مین سر رکھونگا پہلے کے ویسا
پہر حکم ہوگا کہ جاؤ رائی کے مقدار سے بھی کم جنکے دلونمین ایمان رہے ویسونکو خارج دوزخ

الغرض آپ فرماتے ہین کہ ویسا ہی عمل مین لاؤنگا پھر چوتھے بار حمد الٰہی کرکے سجدہ مین جاؤنگا
پہلے کے ویسا حکم ہوگا اسوقت آپ عرض کرینگے یا پروردگار جو لوگ کہ فقط لا الہ الا اللہ
کے قائل ہین یعنے اسکے سوا دوسری کوئی نیکی انکی ذات مین موجود نہین سو
انکی شفاعت کا اذن مجھے عطا کر تب جناب کبریا سے حکم ہوگا کہ انکا فکر و تردد تمہین
ضرور نہین مگر اتنا ہی کہ بسبب چھوڑ دینے توہم ہوتا کہ شاید ان لوگونکی مغفرت شدنی ہرگز
نہین تو موجب رنج خاطر کا اس سائل مقبول کے ہوتا اسی توہم کو رفع کرنیکے لئے تسلی
خاطر اپنے محبوب کی منظور رکھکر اللہ تعالی فرمائیگا کہ قسم ہے میری عزت و جلال کی کہ مین
ان لوگونکو خواہ نخواہ بخشونگا حاصل یہہ کہ تمہاری خواہش دلیکے موافق وقوع
مین آئیگا بیفکر رہو خاطر جمع رکھو غرض اس دلیل سے منصفین پر روشن ہی کہ
کسقدر مومنین کی نجات اس جناب سے ہوتی ہی اور اللہ تعالی کو کس مرتبہ مین محبت
اور پاس خاطر اس حبیب کی منظور ہی ایسے شفیع مقبول کے رد سوال کا احتمال جو جیسے
بالفعل انکا لگاتا ہی شاید عوام الناس کو دھوکا دیتا ہی تا وے لوگ سید احمد کی
شفاعت کے معتقد ہو جائین اور انکی بیعت پر ارادہ لائین چنانچہ صراط المستقیم کے
تین سے نو ورقون صفحے مین لوح یادر ہوا قصہ مبسوط لکھکر اخیر مین کہا ہی کہ
اللہ کی جانب سے انھین حکم ہوا کہ جو لوگ تمہارے دست بیعت ہون اگرچہ لاکھو کہا

مردم جو ہوں مین انہین کا نہ ہون انکے سمجھون پر ظاہر ہی کہ اللہ تعالیٰ انہین اگر دستگیر
ہوتا اور اتنی بزرگی دی ہوتی تو اس بزرگ کو ایسی ذلت و خواری سے ہلاک نکرتا فاعتبروا
یا اُولِی الاَبصَارِ جو شفیع برحق کہ تا دم مرگ غمخوار امت کے ہی چنانچہ عائشہ صدیقہ
رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا قول ہی کہ حیف ہی اس دین پرور کا جو ایک شب بھی چین سے
بستر راحت پر آرام نفرمائے غم و الم سے گناہان امت کے اور قثم رضی اللہ تعالیٰ
فرماتے ہین کہ قبر شریف مین سب کے آخر جو روے مبارک حضرت کا دیکھا سو مین ہون
اسوقت بھی لب مبارک کو حرکت تھی منھ پاس کان لگا کر مین نے سنا تو فرماتے تھے
رب امتی امتی ایسی مقبول الشفاعت کی شفاعت سے بداعتقادی کرنا اور سید صاحب
کی شفاعت مجہولہ پر مرنا یہہ کیسی جہالت و ضلالت ہی شیطان نے کیسی انکی راہ ماری ہی
کہ اسکے پیرو ہوگئے ہین اللھم احشرنا فی امۃ محمد صلی اللہ علیہ وسلم
وارزقنا شفاعتہ صلی اللہ علیہ وسلم وثبت قلوبنا علی ھذا الاعتقاد
آمین یا رب العالمین اور لفظ ہی شفیع کی جو کلام مین شاہ عبدالعزیز قدس سرہ
کے واقع ہی اسکی توجیہ مین صاحب خیر الزاد نے یہہ حاشیہ لکھا ہی یعنے ہر شفیعی کہ اہل
کتاب وہم مشرکان ایشان را گمان شفاعت او ہست شفاعتش در حضرت منتود یا نشود
بخلاف شفاعت سید الرسل صلی اللہ علیہ وسلم در حق مومنین اہل کبایر کہ آن متیقن

القبول ہے چنانکہ گذشت انتہی مصنف نے اسکا رد چالیس پر نوین صفحے مین لکھا ہی کہ
لفظ شفیع جو نکرہ ہی نفی کے بعد واقع ہوا ہی جب نکرہ نفی کی سیاق مین آئے تو عموم کا فائدہ
بخشتا ہی پس اس عموم کو خاص کرکے حاشیہ لکھا سو نص قرآن کا خلاف ہی سوا اسکے
سو انبیا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو اس جملے سے مستثنی کئے تو معلوم ہوا کہ آنحضرت صلی اللہ
علیہ وسلم کو شفاعت کا حکم ہو چکا الخ واہ کیا قاعدہ دانی ہی اتنا ہی جانے کہ نکرہ تحت نفی
کے مفید استغراق کو ہی یہہ کلیہ نہین پہچانے کہ استثنا نفی سے اشارہ اثبات طرف ہی
اور تخصیص بعد تعمیم کے اولی و احسن ہی جب اللہ نے خود استثنا کیا اور کہا ما من شفیع الا
بعد اذنہ تو معلوم ہوا کہ نفی قبل اذن کے ہی اور بعد اذن کے وہی شفیع ہی جو ماذون ہی اب کہو کہ محشی نے کیا
نص قرآنکا خلاف کیا بلکہ ظاہر کیا جیسی وہ آیت ہی یہہ بھی کلام الہی ہی وما ارسلناک الا رحمۃ
للعالمین تو اب توفیقا بین الدلیلین اس جناب کو مخصوص و مستثنی کرنا واجب ہو گیا پھر جو لکھا ہی
کہ مستثنی کئے تو معلوم ہوا کہ آنحضرت کو شفاعت کا حکم ہو چکا کیا اس منکر انکو منظور نہین
معلوم ہوا کہ اوپر گذرے سو آیات و احادیث سے بین الثبوت ہو گیا کہ دنیا مین وعدہ قبول
شفاعت کا اس جناب کو اللہ دیچکا پھر بعد قیامت مین حکم شفاعت اس جناب کو بالفعل
ہوگا قطع نظر اسکے نص قطعی سے ان اللہ لا یخلف المیعاد کے یقین ہی کہ وعدہ الہی مین
تخلف ہی نہین تو باعتبار اسی یا بول کے اگر ہم کہین کہ وہ جناب محکوم لشفاعت

اور شفیع المذنبین برحق ہین تو کیا قباحت ہی یہی معنے ہین مجاز نے الاستقبال کے اگر
مصنف یہہ معنے جانتا تو ایسا پوچ تعرض نکرتا بھلا ہم کہنا کیا عجب ہی بزرگان پیشین
لکھہ گئے ہین ع شفیع مطاع نبی کریم ؛ جاؤ انکی خطا بگڑو یہہ چھوڑ دو خطا بر بزرگان
گرفتن خطاست ؛ پھر باوجود اس اعتقاد منکر کے یہی مصنف چالیس پر آٹھوین صفحہ مین
عبارت تقویۃ الایمان کے بیان حاصل مین کہا ہی نہ یہہ حاصل اس عبارت کا ہی کہ سید
المرسلین کو جو دنیا مین شفاعت کا وعدہ اللہ تعالیٰ قرآن مین دیچکا ہی سو قیامت مین اسکے
اذن ہونے مین احتمال ہی کہ ہو یا نہو معاذ اللہ الخ باوجود اس انکار کے یہہ اقرار نہایت نادر
ہی اگرچہ یہی اقرار مصنف کے انکار کا جواب شافی ہو جاتا ہی مگر ہم سچ سمجھتے ہین کہ اسکا اقرار جھوٹا ہے
قول الٰہی اس تکذیب پر گواہ ہی یقولون بافواھھم ما لیس فی قلوبھم یعنی کافر اپنی
زبانسے بولتے ہین وہ بات جو انکے دلون مین نہین ہی اور صاحب خیر الزاد کا جو قول ہی کہ حال
آیات ستشہد بہا نیز ہمچنین ہست اھ اسی پر چالیس پر نوین صفحہ مین مصنف لکھا ہی جو اس سے
صاف معلوم ہوا کہ کلکتیکے سندونکے بھی یہی معنے ہین پھر چہ از ان آیات بینات ثابت نمیشود
مگر شفاعت بالاذن برای مومنین لکھنا محض حماقت و جہل ہی اھ ظاہر ہی کہ یہان مصنف
کی صرف بلادت و جہل ہی جو ضبط و ربط کو عبارت کے کچھہ نہین سوچا اور مطلب مقام کا
اسے کچھہ نہین سوجھا اعوذ باللہ من الجہل المرکب صاحب خیر الزاد کا حاصل مقصود یہہ ہے

کہ اذن محتمل جسمین شک ہی کہ قیامت مین ہو یا نہو ویسے اذن پر قبول شفاعت کو جناب
کے جو اہل بنگالہ موقوف مانتے ہین سو باطل ہی اور تفسیر فتح العزیز سے جو عبارت استشہاد
لاتے ہین سو اسکا ماقبل و مابعد حذف کر دیتے ہین اگر وہ تمام عبارت ملاحظہ کرین تو
انکے مقصود کو مفید نہین بلکہ انھین پر الزام ثانی ہی ایسا ہی ہی حال ان آیات کا جو خصوم
اپنے مدعا پر دلیل لائے ہین یعنے یہہ آیات بھی انکے مدعا کو مفید نہین کسواسطے کہ آیات بینات
سے ثابت نہین ہوتی مگر شفاعت بالاذن اسمین ہمین کچھہ خلاف و نزاع نہین بلکہ
ہم بھی قائل ہین کہ جو شفاعت ہی سو بالاذن ہی ہوگی کیونکہ اللہ تعالے مالک مختار
ہی اسکے بے اذن کسیکی کیا طاقت جو شفاعت کرے بلکہ ہمین نزاع اور گفتگو اتنی
بات مین ہی کہ خصوم قائل ہین اذن محتمل کے علی العموم بعثت جناب سرور عالم صلی اللہ علیہ
وآلہ وسلم کو مخصوص نہین کرتے ہین اسیکو ہم قول باطل کہتے ہین کیونکہ وعدہ الہی پر نظر
کرنے سے بعد بعثت جناب آخر زمان باذن شفاعت مومنین ہونا اور انکو عذاب سے چھوڑانا امر
قطعی و یقینی ہی ذلک لاریب فیہ چنانچہ دلائل اسکے اوپر مذکور ہو چکے انتہی کلامہ جزاہ اللہ خیرا دیکھئے تو
کیا راست و درست مطلب اسنے بیان کیا ہی یہہ نادان منصف اصل مطلب کھو دیا
بیہودہ اعتراض پر نادان ہو رہی ہی وہی مثل ہی بادے آپ لگائے آگ کیکو طرفہ ماجرا یہہ
یہاں سوین صفحے مین آپ بھی لکھدیا ہی کہ جواب بعد اذن شک ہی حدیث شفاعت اول

عثمان رضی اللہ عنہما کی اور حدیث شفاعت مومنین کی جو دوزخ سے نکلے بعد بعض
مومنین کی شفاعت کرینگے حتی کہ ذرہ برابر ایمان جسکے دل میں ہے اسکو بھی دوزخ سے
نکالینگے اتنے عجب نہیں جو یہ جواب مصنف ہی کا دندان شکن ہو کیونکہ اویس و عثمان
جو فیض یافتہ اس جناب کے ہیں انکو یہہ رتبہ بانا ہی جناب شفیع المذنبین برحق کو لائق
نہیں جانتا حالانکہ اِنَّ شَفَاعَةَ جَمِيعُ الشُّفَعَاءِ فِي طَيِّ شَفَاعَةِ نَبِيِّنَا صَلَّى اللّٰهُ عَلَيهِ
وسلم آیا ہی بنا دمرعلی اعداءنا بلکہ اویس و عثمان کو اسی جناب سے تائید ہوگی چنانچہ
عبدالحق دہلوی کی توجیہ سے تصریح ہوتی ہی جو فرماتے ہیں از سجدۂ ثالثہ کہ سر بردارد
گناہان تمام گناہگاران را بہ بخشایند پس ہیچکس باقی نمیماند الا انکہ قران بخلود نار بروی حکم
کردہ باشد یعنے کافران و منکران و ازینجا خود ظاہر شد کہ گناہان ہمہ بادی بخواہد
واحتیاج بشفاعت دیگر نماند مگر انکہ گویند این مخصوص بامتیان او باشد یا دیگران را
شفاعت در حضرت وی بود و دیرا در حضرت حق بالجملہ روز روز محمد است صلی اللہ
علیہ وسلم و جای جای اوست و مقام مقام اوست و سخن سخن اوست و ہمہ انبیا
و دیگران ہمہ طفیلی اند کہ در قران خطاب میرود و لسوف یعطیک ربک فترضی الی
اسی شیخ دہلوی سے یہہ بھی منقول ہی کہ انحضرت را شفاعت بود عام مر جمیع
اہل محشر خلائق را و خاص چنانکہ اہل بدعت ورد و اران قبر ترجیعہ وعلی ہذا ساوۃ برد

صلی اللہ علیہ وسلم رالج اور قصر الامال مین شرح صدور اور بدور سافرہ مین مولانا جلال
الدین سیوطی سے منقول ہی کہ آنحضرت کے مورد شفاعت ہونیکو جو اعمال کہ موجب
ہین سو یہی جو آپنے فرمایا ہی خلایق مین با نصیب میری شفاعت سے وہی شخص ہی جو
لا الہ الا اللہ نہ دلسے کہے رواہ البخاری اور یہہ بھی آپنے فرمایا ہی کہ اذان جو شخص سنے اور
کہے اللھم رب ھذہ الدعوۃ التامۃ والصلوۃ القائمۃ آت محمد
الوسیلۃ والفضیلۃ وابعثہ مقاما محمودا الذی وعدتہ تو شفاعت
اسکی روز قیامت مین مجھپر لازم ہی رواہ البخاری ومسلم اور احادیث مین یہہ بھی
وارد ہی کہ وعدہ شفاعت کا ہی اس شخص کے لئے جو صبر کرے سختی پر مدینہ منورہ کی مکہ
معظمہ یا مدینہ منورہ کا زایر ہو اور جو کہ بہت سے درود پڑھے رات جمعہ اور جو کہ بکثرت درود پڑھا کریا
صبح وشام دس بار درود پڑھا کرے اور ترجمہ مشکوۃ مین شفاعت کے کئی قسم لکھے ہین اول اس قوم کے
حقمین جنکی نیکیان بدیان کی برابر ہون وی بمدد شفاعت کی داخل بہشت ہونگے
دوسرا تخفیف عذاب ان لوگونکو جو خالدین دوزخ ہین یعنے کافران ومنکران ،
تیسری حقمین اہل مدینہ کے علی الخصوص زایرون کے لئے انتھے اور یہہ جو آیت ہی
لا یشفعون الا لمن ارتضی بیہقی نے حاکم سے نقل کی ہی کہ مراد اس سے شفاعت
ملایکہ کی ہے صغایر اور رفع درجات کے باب مین یعنے شفاعت نکرینگے ملایکہ مگر

حقیقی اسی شخص کے جس سے اللہ راضی ہو اور ابن عباس رضی اللہ عنہما تفسیر مین لکھتے ہین کہ
مَنْ ذَا الَّذِی یَشْفَعُ عِنْدَہٗ اِلَّا بِاِذْنِہٖ اس سے بھی مراد شفاعت ملایکہ ہی اور
یہہ بھی لکھے ہین کہ یَوْمَ لَا تَمْلِکُ نَفْسٌ لِنَفْسٍ شَیْئًا یہہ آیت نفی شفاعت پر دال
نہین ہی کیونکہ مراد ملک سے دفع زور وقوت ہی جیسا دنیا مین ایک کی آفت کو دوسرا اپنے
بزور وقوت دفع کرتا ہی ویسا قیامت مین شفاعت کسیکی بزور وقوت نہوگی بلکہ ہر شفیع
اپنے مشفوع عنہ پاس بعجز والحاح کریگا اور یہہ مدعیان جو خدا کی وحدانیت اور رسول
خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کی محبت کا دعوی کرتے ہین سو امر غلط ہی کیونکہ مواہب لدنیہ
مین لکھا ہی ترجمہ اسکا یہی کہ اس جناب کے محبت کی علامت یہی کہ جہان جناب کا ذکر آئے تو
تعظیم کرین اور نام مبارک سنین تو خشوع وخضوع وانکسار کرین جیسا کہ اکثر صحابہ
رضوان اللہ علیہم جناب کے بعد وفات جب ذکر مبارک سنتے تو گریہ وزاری کرتے وہان انکے
مضطر ہوتے تھے تابعین وتبع تابعین مین بھی ایسے لوگ اکثر تھے انھے ایسا رسوخ وعقیدت
اس جناب سے اس گروہ ضالہ کو کہان ہی جو ادہر اودہر سے دہونڈکر ضعیف ومرجوح وبے
اعتبار دلیلین لاکر اس جناب کی منقصت ثابت کرنے پر مستعد رہتے ہین خاک برین
عقیدت مگر زبانی باتین مردم فریب کرتے ہین بلاشک عقیدہ انکا اس جناب سے انکار ہی
اسی انکار مین مرینگے اور قیامت مین یاد کرینگے اس قرآن سے عوام مین مشہور ہی کہ تقویۃ

الایمان کا مصنف اور اسکے تابعین منکر رسول ہین اسی پر دلیل ہی قول ارباب اصول جو
لکھے ہین کہ مطلق منصرف ہوتا ہی طرف فرد کامل کے اور شفاعت کا فرد کامل وہی شفاعت
عامہ اس جناب کی ہی جو تادم وفات امتی امتی فرماتے رہے ایسے شفیع برحق سے جو شخص
عقیدہ اٹھائے اور کہے کہ جسکو وہ چاہے ہمارا شفیع کردے اسکو کیون نہ کہا جاے
کہ منکر رسول ہے کیونکہ وہ خاصہ مختصہ کا منکر ہی بلکہ اس قول بیہودہ سے اس شفیع یقینی
کو دوسرے بعض مومنین کہ جنکی شفاعت ظنی ہی انسے مساواۃ لازم آتی ہی یہہ بھی منافی
ایمان ہی عاقبت خراب ہوتا ہی تو ایسے باتین کرنا ہر اور تقویۃ الایمان کی جو یہہ عبارت ہی
کہ اس شہنشاہ عالیجاہ کی تو یہہ شان ہی کہ ایک آن مین ایک حکم کن سے چاہے تو کروڑون
نبی اور ولی اور فرشتے اور جن جبرئیل اور محمد کے برابر پیدا کرڈالے الخ صاحب خیرالزاد نے
اسکے ردمین لکھا ہی کہ بعد ملاحظہ این الفاظ بے ادبانہ معلوم نمایند کہ اگر از پیدا کردن اندا ختن
مثل محمد صلی اللہ علیہ وسلم مثل او در بشریت فقط ارادہ کردہ البتہ وجود چنین مثل ممکن الوقوع
ست و آن حاجت بیان ندارد چہ جمیع افراد انسانی کہ بوجود آمدہ اند و خواہند آمد در نفس
بشریت مماثلت دارند و اگر ازان مماثل وی علیہ السلام در مرتبہ نبوت و رسالت و دیگر
فضائل و کمالات خلقی و خُلقی کہ از لوازم آن مرتبہ اند قصد نمودہ چنانچہ عبارتش صریح
بران دلالت دارد مستحیل الوقوع ست ازانکہ بر تقدیر چنین مثل و اتصاف وی بمنصب

نبوت در اخبار الہی کہ مشعر ختم نبوت برآن سرور و اکمال دین و اتمام نعمت بر واند کذب
لازم آید و ہو محال انتہے خلاصہ اسکا یہی ہی کہ ہر کم فہم پر بھی ظاہر ہی کہ الفاظ مذکورہ کیا ہی
رکیک و بے ادبانہ ہین قطع نظر اسکے مثل محمد کے جاہے تو پیدا کر دالے جو کہتا ہی اگر مراد
لیا ہی مماثل بشریت مین تو یہہ کہنا حاجت نہین رکھتا کسواسطی کہ اللہ تعالے جو پیدا
کیا ہی اور کریگا سب البتہ مماثل بشریت مین ہین اگر مرتبہ رسالت و نبوت اور فضایل و
کمالات مین مماثل ارادہ کرتا ہی جو مقتضا اسکی عبارت کا بہی ہی تو ارادہ باطل اور قول لغو
ہی کیونکہ آیات قرانی سے ثابت ہوتا ہی کہ وہ جناب ختم رسالت ہین اور آپہی کا دین کامل
ہی اور تمام نعمت حق و یقین اسی جناب پر ہی انتہے اپنے معتقد اکی تائید کے لئے مصنف نے
ستر پر ایک صفحے مین لکھا ہی کہ یارو یہہ قضیہ شرطیہ ہی علماے اصول وغیرہ تصریح کئے
ہین کہ شرطیہ وقوع کو مستلزم نہین انتہے شاید مصنف نے نہین دیکھا جو اس جواب کو
پہلے ہی مولوی فضل حق نے گوزشتر کے ولیسا ٹہرا دیا ہی یہی اسکا حاصل ہی اگر قضیہ شرطیہ
ہو تو معنے اسکے یہی ہونگے کہ اللہ چاہے تو محمد کے ویسے کروڑون نبی و ولی اور جن پیدا
کریگا اور وقوع مین لائیگا یہہ صورت دو حال سے خالی نہین کہ مقدم شرطیہ کا یا تو امر واقعی
ہوگا یا غیر واقعی و محض فرضی اگر واقعی ہی تو لازم آئیگا حضرت کے ویسے کروڑونکا وجود نفس الامر
مین کہ مقدم یعنے شرط جب واقع ہو تو تالی یعنے جزا کا وقوع بھی ضروری ہی حالانکہ وقوع تالی

کفر صریح ہی نعوذ باللہ منہا اگر غیر واقعی ہی تو بھی دو وجہ ہین ممتنع بالذات ہوگا یا ممتنع بواسطہ
غیر ہوگا تو دونو صورت مین مقدم فرضی مستلزم تالی کو ہونا امر ضروری نہین اگر قائل کا
اعتقاد یہہ ہو کہ کرورہا امثال سے آنحضرت کے تعلق مشیت الہی کا ممکن بالذات ہی اور ممکن
ذاتی ممتنع بالغیر ہوتا ہی محال بالذات کو مستلزم نہین ہوتا اور مشیت ازدی جس چیز پر
متعلق ہی اسکا عدم وقوع محال بالذات ہی تو وقوع ایسے امثال کا ممکن بالذات ہو جایگا اس
تقدیر پر آیات قرانی جو مشعر ہین کہ آپ کے برابر کوئی پیدا نہوگا سو جھوٹے ہو جائینگے عیاذا
باللہ منہا اسوقت یہہ قائل ضرور اپنے اعتقاد سے باز آکر معتقد ہونا پڑیگا کہ برابر آنحضرت کے
دوسرا پیدا ہونا محال بالذات ہی اہ جب ایسی دھول جھکڑ چو طرف سے لگی تو شاید مصنف
کو کچھ عقل آگئی جو سترہ پر دوسرے صفحہ مین لکھا ہی کہ اس عبارت سے تقویۃ الایمان کے لازم
نہین آتا کہ محمد سریکا دوسرے کو پیدا کرے کیونکہ نقلا ثابت ہوا کہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم
خاتم الانبیا ہین اور اللہ تعالے ایسی بزرگی ساتھ کسیکو پیدا نکیا اور نکریگا الخ حق تو یہہ
ہی کہ اب یون قائل ہونا بھی کچھ فائدہ نہین دیتا کیونکہ تقویۃ الایمان کی عبارت سے متبادر
صریح ہی امکان وجود ہمسر کا حالانکہ قائل امکان ہونا بھی کفر ہی چنانچہ نور الہتی مین لکھا ہی کہ
اللہ نے خبر دی ہی کہ اس خاتم النبین کے بعد دوسرا کوئی نبی نہوگا باوجود اسکے کوئی شخص
کہے کہ بعد آنحضرت کے دوسرا نبی کوئی ہی یا ہوگا یا ہونا ممکن ہی تو وہ شخص کافر ہی نعوذ باللہ

منہا انتہی اسی تقویۃ الایمان کی عبارت ہی جو سب لوگ پہلے پچھلے آدم جن اور پیغمبری سے ہو جائین
تو اس مالک الملک کی سلطنت مین انکے سبب کچھ رونق نہ بڑہ جاویگی اور جو سب لوگ
ملکر شیطان اور دجال ہی سے ہو جاوین تو اسکی کچھ رونق گھٹ نجاویگی انتہے اسی پر
صاحب خیر الزاد کی تحریر ہی باید دانست کہ اگر دجال و شیطان مثل پیغمبران وملایکہ
شدن و پیغمبران وملایکہ مثل شیطان ودجال گردیدن نزد این ناکسان استحقار و استخفاف
نیست باید کہ دست از ایمان بشویند و ہرچہ در دل آید بگویند انتہے در جواب اسکے ستر پر
پانچوین صفحہ مین مصنف نے حدیث یہہ نقل کی ہی یا عبادی لوان اولکم واخرکم وانسکم وجنکم
کانوا علی اتقی قلب رجل واحد منکم مازاد فی ملکی شیئا یا عبادی
لوان اولکم وآخرکم وانسکم وجنکم کانوا علی افجر قلب رجل واحد
منکم مانقص من ملکی شیئا خلاصہ یہی کہ ای بندگان خدا تمہارے پہلے پچھلے لوگ
اور جن وانس تمام تر بڑے متقی القلب ہون تو میری بادشاہت مین کچھ رونق نہ بڑہیگی
اور یہ سب اگر فاجر القلب ہو جائین تو میری سلطنت مین کچھ کمی نہ آئیگی انتہے
انصاف کرنیکی جاہے ہی کہ اللہ تعالی مالک مختار ہی جو کہے سو سزاوار ہی تاہم دیکھیے
کس انداز سے کس ابہام واعزاز سے اداے مطلب فرمایا ہی بخلاف اس شخص کے
کس بیباکی سے زبان کھولی ہے اور یہہ بنگالیکی مینا کیسی بولی بولی ہی کسی باایمان کی زبان

ایسی نہ کھیلیگی اللہ نے زبان دی ہی حمد و ثنا کرنیکے لئے نہ ایسی باتین بکا کرنیکے لئے علاوہ بہہ کہ اس
مصنف نے اپنا عناد قلبی ظاہر کیا ہی جو لکھا ہی کہ مولانا محمد حیات سندی محدث رحمۃ اللہ
علیہ اتقی قلب رجل واحد منکم کی شرح مین محمد لکھے ہین انتہے ماشاء اللہ
دیکھو تو اللہ تعالے کسیکو نکہا بلکہ لفظ اعم بولا علی اتقی قلب رجل واحد یہہ بے ادب
کہانکا مفقود الحال مجہول القال ہی جو تصریح خاص نام مبارک کی کر دی ہی شاید اسی مرکا
ہوگا جب تو اس بے ادبیکے بدل خطاب مولانا محدث کا پایا ہی اور مورد رحمت کہا یا ہی
اجی تمھارے اس معتقد کے سوا تمھارے اور کسی شیخ الشیوخ نے ایسی توجیہ کی ہو تو وہ
بھی بیان کر دو تاکہ تشدد و شد ہو جا ہے ہمارے علماے اعلام بیان عقاید اسلام مین یون
لکھے ہین کہ افضل نام کو مقام محقر مین تصریح کرنا ادب ایمان سے دور بلکہ خوف کفر کا ہی
چنانچہ اللہ تعالے سبھونکا خالق ہی تاہم مقام حمد مین خالق الخنازیر کہین تو کفر ہی شیخ
دہلوی بھی رسالہ مرج البحرین کے آخر مین لکھے ہین کہ عزو کمال کو انبیا کے منزہ رکھنا جو علم
یا عمل یا حال کہ انکے مرتبے کے لایق نہوا انکے طرف منسوب نہین کرنا بلکہ جو بزرگیان مرتبہ الوہیت
کے بعد ہین سو جناب سرور عالم کے حقمین ثابت کرنا ہی اسیکے مطابق ہی جو شاہ عبد العزیز
قدس سرہ نے سورۂ الم نشرح کی تفسیر مین فرمایا ہی شعر یا صاحب الجمال و
یا سید البشر؛ من وجھک المنیر لقد نور القمر؛ لایمکن الثناء کما کان

حققہ؛ بعد از خدا بزرگ توئی قصہ مختصر؛ اور تقویۃ الایمان کی جو یہہ عبارت ہی یہہ
جان لینا چاہئے کہ ہر مخلوق بڑا ہو یا چھوٹا اللہ کی شان کی آگے چمار سے بھی ذلیل ہی انتہی
اسکے توجیہ مین مصنف نے لکھا ہی کہ نوابیہ فرقے والے نے کہتے ہین کہ پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ
وسلم کو چمار سے تشبیہ دیا ہی کیونکہ بڑے مخلوق رسول خدا ہین اور کہا ہی کہ مراد بڑے
مخلوق سے عرش عظیم اور دجال لئیم کیون نہو الخ مین حیران ہون کہ اس توجیہ بیہودہ
سے حاصل کیا اگر اس خوش عقیدہ پاس اعظم مخلوق خاص عرش و دجال ہی ہین تو معلوم
ہوا پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ و آلہ وسلم اشرف مخلوقات مین محسوب نہین واہ کیا حسن عقیدت
ہی اگر بڑے مخلوق مین آپ داخل ہین تو تشبیہ مین بھی شامل ہہ اصل مدرس کے اعتراض
کا کیا جواب مکروہی سر کھجانا یا جھکر کھانا حالانکہ تقویۃ الایمان والے نے تو مصرح لکھ دیا ہی
کہ عوام لوگ انبیا اور اولیا کو غیب دان اور حاجت برآر اور معین و مددکار جانتے ہین
جو امور کہ مختصہ الہی ہین اسمین انکو شریک کرتے ہین جیسے سجدہ کرنا اور اسکے نام کا جانور
کرنا اور اسکی منت ماننی اور مشکل کے وقت پکارنا اور ہر جگہہ مین حاضر و ناظر سمجھنا اور تصرف
کرنی جن نے اللہ کا حق اسکے مخلوق کو دیا تو بڑے سے بڑیکا حق لیکر ذلیل سے ذلیل کو دے دیا
جیسے بادشاہ کا تاج چمار کے سر پر رکھہ دیجئے الخ اس سے تو صاف ظاہر ہی کہ اسنے انبیا کو
تشبیہ بلفظ مکروہ دی ہی کیا اس نا عاقبت اندیش کو یہہ مطلب تعبیر کرنیکے لئے دوسرے الفاظ

نہین ملتے تھے جو ایسے ناشایستہ الفاظ سے ادائے مطلب کیا ع جیسا جو کوئی ہو اسے ویسا

نظر آوے سے سننے یہہ نقل ہی عجیب وغریب کہ کہے بن نہین ہی مجکو شکیب

